# مسابقتی اور رہائش کے قابل شہر کراچی

# (CLICK)

## معاشرتی انصرام کا طریقہ کار

## تعارف

اس معاشرتی انصرام کے طریقہ کار Social Management Framework (SMF) , کا مقصد اس بات کا تعین کرنا ہے کہ " کراچی کو قابل رہائش اور مسابقتی شہر بنانے کے منصوبے (CLICK, Competitive and Livable City of Karachi)" کی چھتری تلے جن زیرِ غور ذیلی منصوبوں کے لیئے مالیاتی وسائل کا انتظام کیا جا رہا ہے اُن کے اثرات سماجی سطح پر کس طرح اثر انداز ہوں گے، اس منصوبے کا دوسرا مقصد ایک ایسا طریقہ کار وضع کرنا ہے جس پر عمل کر کے اِن ذیلی منصوبوں کے متعلق مکمل منصوبہ بندی، چھان بین، جائزہ اور منظوری کا عمل انجام دیتے ہوئے اِن منصوبوں سے اجتناب، ان میں تخفیف، یا کمی کی جا سکے۔ "SMF" پالیسی کے بنیادی اصولوں جیسا کہ شفافیت، سماجی احتساب، شمولیت، حصہ داری کو سماجی اثرات کے تعین اور تخفیف کے لئے موزوں طرزِ عمل اپنا کر مرکزی دھارے میں شامل کیا جا سکتا ہے۔ "SMF" کی تیاری کے لئے اِس منصوبے میں شامل علاقوں کا معاشرتی تجزیہ، کلیدی شراکت داروں سے مشاورت، سماجی گروہوں سے گفت وشنید کے ذریعے حاصل کئے گئے ابتدائی اعداد وشمار اور ثانوی اعداد وشمار کے جائزے کے ذریعے حاصل کردہ معلومات کا طریقہ کار استعمال کیا گیا ہے۔

## منصوبے کی تفصیلات

پیشِ نظر (CLICK) منصوبے میں اداراجاتی اور پالیسی اصلاحات کے لئے سرمائے کا ایک مجموعہ رکھا جائے گا اور صلاحیتوں کی تعمیر کے ذریعے خدمات کی فراہمی کے نظام میں بہتری لانے کے ساتھ ساتھ بنیادی شہری ڈھانچے کی خامیوں اور اداراجاتی رکاوٹوں کو دور کر کے کراچی کی شہری ترقی کی راہ میں ہائل رکاوٹوں کو دور کیا جائے گا۔ یہ منصوبہ ان مشکلات کے حل کی کوشش کرے گا جو کراچی شہر کی انتظامی کارکردگی کی راہ میں درپیش ہیں اور ساتھ ہی سماجی ڈھانچے اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو بھی یقینی بنائے گا۔ کراچی کی مقامی کاؤنسلیں (LCs) جیسا کہ KMC, DMCs اور ڈسٹرکٹ کاؤنسل شہری نظام کے اہم شعبوں کو چلانے کے لئے مالیاتی ذرائعیوں پر محدود اختیار رکھتی ہیں۔ ورلڈ بینک کے مطابق بینک کراچی کی مقامی کاؤنسلوں کو اپنے اداروں کو مستحکم بنانے اور مخصوص اقدامات کرنے کی بنیاد پر سالانہ عطیات فراہم کرے گا۔ LCs ان عطیات کو اپنے اپنے اختیار کے مطابق بنیادی بلدیاتی سہولیات اور بنیادی تعمیرات جیسا کہ نکاسی آب، گلیوں کو پختہ کرنے، پارک اور تعمیر وغیرہ جیسے دوسرے ذیلی منصوبوں کے لئے خرچ کر سکیں گیں۔ مذید برآں یہ عطیات معاشی منصوبہ بندی، منصوبہ سازی، عمل درآمد، سماجی اور ماحولیاتی انتظام جیسے انتظامی معاملات کی استعداد کار اور صلاحیتوں میں اضافے اور شہری مقامی کاؤنسلوں کے درمیان ہم آہنگی اور رابطوں کے بہتر انتظام کے لئے بھی استعمال کئے جا سکیں گے ۔ LCs کو اداروں کو مستحکم بنانے کے اقدامات اور کارکردگی کی بنیاد پر عطیات کی فراہمی کے نظام کے نفاظ اور انتظام کے لئے حکومت سندھ (GOS) کے لوکل گورنمنٹ ڈپارٹمنٹ (LGD) کے ذریعے ایک مرکزی اعانت کا نظام جس کا بنیادی کام استعداد کار کی تعمیر، نفاظ اور انتظامی عمور کے کاموں میں مدد فراہم کرنا ہوگا۔ مالی اعانت کے لئے سہولیات اور خدمات کے ذیلی منصوبوں کا انتخاب ایک جامع جائزے اور خطرات کے مکمل ادراک اور تدارک کے بعد کیا جائے گا۔

## معاشرتی حقائق اور معروضی صورت حال

کراچی، رقبے اور آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا اور دنیا کا ساتواں بڑا شہر ہے۔ ۲۰۱۷ء کی مردم شماری کے مطابق کراچی کی کل آبادی کا تخمینہ تقریباً ۱۴.۹ ملین لگایا گیا تھا اور اس میں اضافے کی رفتار تقریباً ۲.۴۹ فیصد تھی۔ شہر کراچی چھ ضلعوں پر مشتمل شہر ہے جن میں سے ضلع غربی، شرقی اور ملیر میں غیر معمولی طور پر تیز رفطار سالانہ شرح نمو اور صنعتی تناسب دیکھا گیا جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ اِن اضلاع میں دوسرے علاقوں سے کافی تعداد میں ہجرت کی گئی۔ ۱۹۵۱ء سے لے کر ۲۰۱۸ تک کراچی شہر اپنے حجم سے تیرہ گناہ زیادہ نمو پا گیا، یہ شرح نمو پاکستان کے دوسرے شہری علاقوں سے نسبتاً زیادہ رہی۔

کراچی کی آبادی مختلف قومیتوں کے مجموعے پر مشتمل ہے۔ دوسرے علاقوں سے مہاجرین کی آمد اور آبادکاری کی وجہ سے شہر کی آبادی کا تناسب بڑی حد تک تبدیل ہو گیا جس کے اثرات مختلف قومیتوں کے درمیان طاقت کے توازن میں تبدیلی اور اس کے نتیجے میں دوسرے دیگر معاشرتی مسائل کی صورت میں ظاہر ہوئے۔ کراچی، ملک کے دوسرے اضلاع کے مقابلے میں کم سے کم غربت کی سطح کے لحاظ سے تیسرے نمبر پر موجود ہے[1]۔ غربت کے کثیر الجہتی اشاریہ (Multidimentional Poverty Index MPI) کے مطابق شہر میں غربت کی شرح ۴.۵ فیصد ہے۔ شہر میں موجود ۱۸ ٹاؤن اور کنٹونمنٹ کے علاقوں میں غربت کے محرکات مختلف نوعیت کے ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق ۵۰ فیصد آبادی مختلف طرح کی بغیر منصوبہ بندی کے قائم آبادیوں میں مقیم ہے جب کہ شہر میں تقریباً ۴۰۰ کچی آبادیاں موجود ہیں۔

[1] https://tribune.com.pk/story/1144434/measure-impoverishment-karachi-third-least-poor-district/

۲۰۱۷ کے اعداد وشمار کے مطابق کراچی میں شرح خواندگی ۸۷ فیصد اور دستیاب تعلیمی سہولیات اور اسکولوں کی حالت زار کے حساب سے یہ شہر قومی سطح پر ۵۹ نمبر پر تھا۔ کچی آبادیوں میں مجموعی شرح خواندگی ۷۱ فیصد تھی، یہاں مردوں میں یہ شرح ۷۶ فیصد اور عورتوں میں ۶۶ فیصد کے حساب سے ایک واضح صنفی فرق کے ساتھ نظر آئی۔ کراچی کی کارکردگی پاکستان کے دوسرے علاقوں کے برعکس انسانی ترقی کے اشاریہ (Human Development Index HDI) میں زیادہ بہتر طریقے سے سامنے آئی اور قومی سطہ پر یہ شہر اپنی کارکردگی کے لحاظ سے چوتھے نمبر پر موجود تھا۔ پیدائش سے پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کی شرح اموات (فی ۱۰۰۰ پیدائش) کے لحاظ سے موجودہ شرح بہتر ہوتے ہوئے ۵۹ تک اور دورانِ زچگی شرح اموات ۱۸۰ تک ہوگئیں۔

کراچی پاکستان کا معاشی مرکز ہے اور مجموعی قومی آمدن کا تقریباً ۶۵ فیصد پیدا کرتا ہے۔ صوبائی سطح پر صوبائی محصولات کی مد میں یہ حصہ ۷۰ فیصد کی بلند سطح تک چلا جاتا ہے۔ کراچی میں موجود بڑی صنعتوں پر مشتمل شعبہ نہ صرف ۲.۷ فیصد محنت کش طبقے کو روزگار فراہم کرتا ہے بلکہ صوبائی صنعتی پیداوار کا ۴.۸۷ فیصد پیدا کرتا ہے۔

پاکستان کے سب سے زیادہ برق رفطار ترقی کرنے والا شہر ہونے کے اعزاز کے ساتھ ساتھ، شہر کراچی کو فراہمی آب، حفظانِ صحت، صفائی کے مناسب انتظام، برساتی پانی کی نکاسی اور کئی دوسرے بلدیاتی مسائل کا بھی سامنا ہے، اور یہ مسائل خاص کر کچی آبادیوں میں زیادہ شدت سے موجود ہیں جہاں سہولیات کی فراہمی ایک بڑی آزمایش کے طور پر موجود ہے۔

## مروجہ حکمت عملی، قانونی اور انتظامی ڈھانچہ

موجودہ قانون سازی، حکمت عملی اور اداروں کی شمولیت کے جائزے کے ذریعے یہ جاننے کی کوشش کی گئی کہ قومی اور انتظامی سطح پر وہ کون سے قانونی اور اداراجاتی مطالبات اور خلاء ہیں جو اس منصوبے کو بین القوامی قوانین اور CLICK کے معیار کے مطابق ڈھالنے کی راہ میں یا تو رہنمائی کر سکتے ہیں یا اس کی راہ میں رکاوٹیں ہائل کر سکتے ہیں۔ اس بات کا یقینی بنانا بے حد ضروری ہے کہ یہ منصوبہ پاکستان کی بین القوامی زمہ داریوں کے مطابق ہو کیونکہ اس ملک نے متعدد بین القوامی معاہدوں اور سمجھوتوں اور ورلڈ بینک کی پالیسیوں پر دستخط کئے ہوئے ہیں۔

آئین میں فرد کی ذاتی ملکیت کا تحفظ، شہریوں اور افراد کے ساتھ بغیر کسی صنعفی امتناز کے مساوی سلوک کی بنیادی شقیں شامل ہیں۔ قومی اور صوبائی قوانین افراد اور ماحول کو مختلف طریقوں کی قانون سازی کے ذریعے تحفظ فراہم کرتے ہیں جس میں مناسب معاوضے کے عیوض زمین کے حصول، عوامی ترقیاتی منصوبے، صنفی ترقی، مزدوروں کے عمومی مسائل، اور ثقافتی ورثے کے تحفظ جیسے معاملات شامل ہیں۔ وفاقی، صوبائی اور مقامی حکومتوں کی سطح پر بہت سارے ادارے اس مقصد سے تشکیل دئے گئے ہیں کہ وہ بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور عوامی خدمات کی فراہمی کو یقینی بنا سکیں۔

ورلڈ بینک کی آپریشنل پالیسیاں (OP) ان معاشرتی خطرات اور نقصانات کا ازالہ کرتی ہیں جو ورلڈ بینک کی مالی اعانت سے بننے والے منصوبوں کی وجہ سے غیر ارادی طور پر ظاہر ہو سکتے ہیں۔ implementation Agency (IA) کو یہ استحقاق حاصل ہے کے جہاں کہیں بھی ماحولیات، ثقافتی وسائل، جبری بے دخلی، ذریعہ معاش اور اثاثوں (بشمول بغیر رجسٹری مکان، تجاوزات قبضہ گروپ) زمین کے حصول یا قدرتی وسائل کی استعمال میں رکاوٹوں کا سامنا ہو یہ ایجنسی اپنے استحقاق کو استعمال کرتے ہوئے OP4.01, OP 4.11 اور OP4.12 پر عمل درآمد کرے گی۔

## متعلقین سے مشاورت

متعلقین پر منصوبے کے امکانیاثرات کے جائزے کے لئے یہ ضروری ہے کہ متعلقین سے ان کے مفادات، خدشات اور نظریات کے بارے میں بامعنی مشاورت اور منصوبے میں شمولیت کے طریقے کو اپنایا جائے۔ پہلے بیان کردہ ممکنہ معاشرتی مسائل اور خطرات کو متعلقین کی شناخت کے ذریعے کم کیا جاسکتا ہے خاص کر وہ گروہ جس کا منصوبے سے کوئی مفاد وابستہ ہے اور وہ جو اس منصوبے کی تکمیل سے براہ راست متاثر ہوں گے۔ برادری، غیر محفوظ، کمزور اور پسماندہ گروہ، خدمات فراہم کرنے والے، خصوصی حکومتی شعبے CSOs اور شعبہ تعلیم متعلقین میں شامل ہوں گے۔

جن بڑے خدشات کو دورانِ مشاورت نمایاں طور پر اجاگر کیا گیا ان میں فراہمی ونکاسی آب کی سہولتوں کا فقدان، پانی کی بے قاعدہ فراہمی، پینے کے پانی میں آلودہ اور گندے پانی کی آمیزش، صحت وصفائی کے مسائل، نکاسی آب کے نامناسب انتظامات کے نتیجے میں پیدا ہونے والے صحت کے مسائل، میونسپلٹی کی ناکافی خدمات، گھریلو سطہ پر ٹھوس کچرے کو اٹھانے کی ناکافی سہولیات اور خاص کر کچی آبادیوں میں حکومتی عہدیداروں کا غیر تسلی بخش اور غیر مناسب رویہ شامل ہیں۔

## ذیلی منصوبوں کی جانچ کے لئے مجوزہ طریقہ کار کا نظام

مجوزہ جانچ کا مقصد یہ طے کرنا ہے کہ وہ کون سی سرگرمیاں ہیں جن کے اثرات معاشرتی سطح پر منفی طور پر ہونے کا امکان ہے اور ساتھ ہی ان اقدامات کا تعین جو ان منفی اثرات کو روکنے کے لئے کئے جاسکتے ہیں۔ جانچ کے عمل کے ذریعے معاشرتی تحفظات کی اس حد کا تعین کیا جائے گا جو کسی تعمیراتی اور بحالی کے کاموں سے متعلق منصوبے کو شروع کرنے سے پہلے ضروری ہیں۔

سماجی جائزہ تشخیص کے عمل کا پہلا قدم ہے۔ یہ منصوبے کے پورے دورانیے میں زیلی منصوبوں اور اس منصوبے سے وابستہ سرگرمیوں کی قسم کا اندازہ لگا کر سماجی تشخیص کی ضرورت کی تصدیق کرتا ہے۔ جانچ کے نتائج کی بنیاد پر IAs ممکنہ معاشرتی خطرات اور ان کے اثرات کی بنیاد پر زیلی منصوبوں کی درجہ بندی کریں گے۔ تاہم، یہ منصوبہ کسی بھی درجا A کے ہامل زیلی منصوبے پر کام نہیں کرے گا۔ اور صرف درجہ B اور C تک ہی محدود رہے گا۔ معاشرتی اثرات کی روک تھام کے لئے مناسب طریقوں کی نہ صرف منصوبہ بندی کی جائے گی بلکہ ان کے فروغ اور ان پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔

جس وقت معاشرتی جائزے کے عمل کے ذریعے ممکنہ معاشی تحفظ کے مسائل کی نشاندہی ہوگی اسی وقت مجوزہ ذیلی منصوبوں کے لئے معاشرتی اثرات کی تشخیص Social Impact Assessment (SIA) کی جائے گی۔ ذیلی منصوبوں کے لئے موجود معاشرتی منصوبہ بندی Social Management Plan (SMP) کا مقصد ذیلی منصوبوں کی سرگرمیوں کے موثر سماجی انتظام کو یقینی بنانا ہے۔ جبکہ مادی ثقافتی وسائل کے انتظام کے منصوبے

Physical Cultural Resource Management Plan(PCPMPs) کا مقصد ثقافتی وسائل پر ممکنہ اثرات کا انتظام کرنا ہوگا۔ ان طریقوں پر عمل کر کے یہ بھی معلوم کیا جا سکے گا کے آیا کوئی ذیلی منصوبہ کسی تحفظ کی پالیسی کو تو متحرک نہیں کر رہا، اور اگر ایسا ہے تو اس کی روک تھام کے لئے کیا اقدامات کئے جا سکتے ہیں۔ سماجی جائزے کا عمل اُس سماجی جائزے کی وضاحت کرتا ہے جس پر درجہ بہ درجہ عمل کر کے (CLICK) منصوبے کی سرگرمیوں کے جائزے اور منظوری کا عمل مکمل کیا جاتا ہے۔

## سماجی اثرات اور خطرات کی روک تھام۔

اس منصوبے سے مقامی علاقوں کی مجموعی معاشی ترقی کو فروغ دینے اور اس ترقی میں ان علاقوں کے لوگوں کی شراکت کی توقع کی جارہی ہے، جس سے مقامی برادریوں اور خاص طور پر کمزور اور پسماندہ طبقے کو فائدہ پہنچنے کی امید ہے۔ متوقع نمایاں فوائد میں بلدیاتی تعمیرات کی ترقی، بلدیاتی خدمات تک رسائی میں اضافہ، اور رہائش کا بہتر معیار شامل ہیں۔ موجودہ برساتی نالوں اور نکاسی آب کے نظام کی بحالی، ٹھوس فضلے کو ٹھکانے لگانے کا بہتر نظام اور ماحولیاتی اور عوامی صحت میں ہم آہنگی جیسے اقدامات کے ذریعے شہر کے تمام باشندوں خاص کر غرباء اور خواتین کی عمومی حالت میں بہتری جیسے فوائد حاصل کئے جاسکیں گے۔ کیونکہ ان افراد کے لئے جو ایسے علاقوں میں مقیم ہیں برسات کی وجہ سے ہوئی سیلابی صورت حال اور کچرے کو مناسب طریقے سے ٹھکانے نہ لگانے کی وجہ سے ہونے والے نقصان سے اپنے گھروں اور اشیاء کو بچانا ہی سب سے اہم ضرورت ہوتی ہے۔

منصوبے کے مندرجہ بالا مثبت اثرات اور فوائد کے برخلاف، تعمیرات کی بہتری کے لئے مجوزہ سرمایا کاری منفی معاشرتی اثرات کا باعث بھی بن سکتی ہے۔ اگر چہ ابھی ذیلی منصوبوں کے لئے مختص زمین کی حتمی جگہ کا تعین نہیں کیا گیا ہے، چند ذیلی منصوبوں کی وجہ سے زمین کا حصول (چھوٹے پیمانے پر) اور ذریعہ معاش جیسے مسائل کا سامنا ہوسکتا ہے، لیکن ان مسائل کی نہ صرف نشاندہی کی جاسکتی ہے بلکہ مندرجہ ذیل اقدامات کو نافذ کر کے ان منفی اثرات کا تدارک کیا جاسکتا ہے:

- زمین کے حصول اور آبادکاری کے اثرات سے مکمل طور پر بچنے کی کوشش کی جائے گی، اگر ایسا ممکن نہ ہو تو اس کے اثر کو کم سے کم کیا جائے گا اور حاصل شدہ زمین کا مکمل معاوضہ دیا جائے گا، منصوبے کی متاثرین خاص کر خواتین اور غیر محفوظ گروہوں کے لئے معاشی بحالی کے مواقع فراہم کرنیکے لئے اگر ضروری ہوا تو اضافی امدادی اقدامات اٹھائے جائیں گے۔
- SIA,IA کے نتائج پر مبنی منفی اثرات کو کم کرنے اور بہتر اقدامات تجویز کرنے کے لئے Gender Based Violence (GBV) صنفی ایکشن پلان تیار کرے گا۔
- اراضی کے حصول کے دوران دریافت کئے گئے ثقافتی ورثے کو محفوظ بنانے کے لئے اور اس دوران اہم ثقافتی مقامات کی باقاعدہ نشاندہی کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے اردگرد باڑ بھی لگائی جائے گی۔
- IA ذیلی منصوبوں کی نقشہ سازی، تعمیر، چلانے کے عمل اور منصوبوں کے اختتام کے دوران متاثرہ لوگوں کی صحت کے مسائل اور ان کو درپیش دیگر خطرات کی نشاندہی کے لئے ضروری تخفیفی اقدامات کی تشخیص اور ان کو بنانے کے عمل کو یقینی بنائے گا۔

## متعلقین کی شرکت اور برادری کی شمولیت۔

IA متعلقین کی شمولیت کو ایک جاری عمل کے طور پر تسلیم کرتا ہے اور سول سوسائٹی سمیتان منصوبے میں براہ راست طور پر شامل ہونے والے متعلقین کی شمولیت کو یقینی بنانے کے لئے ایک جامع مشاورتی ،شراکتی اور معلومات کے افشا کرنے کے عمل کو نہ صرف وضع کرے گا بلکہ اس کو لاگو بھی کرے گا۔ متعلقین کی شناخت اور تعریف ذیلی منصوبے کا وہ پہلا قدم ہے جو یہ جانچ کرے گا کہ متعلقین کا گروہ اپنے اسرور سوخ (طاقت، قربت) سے کسی ذیلی منصوبے کے کام کو کتنی حد تک متاثر کرسکتا ہے۔ مشاورت سے حاصل شدہ تمام نتائج کا نہ صرف تجزیہ کیا جائے گا بلکہ اس کے بارے میں متعلقین کے نمائندوں کو مطلع کیا جائے گا اور ان نمائندوں کے ساتھ اس پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ مشاورت اور معلومات کی فراہمی کا نظام کارگر ہو متعلقین کی شمولیت کی نگرانی کرنا بھی ضروری ہے۔

برادری کی شمولیت مختلف جہتوں پر کام کرتی ہے۔ IA کو شہریوں کی شمولیت Citizen Engagement CE کے رہنما اصولوں کے لئے ایک ایسی پالیسی ترتیب دینے کی ضرورت ہے جس میں نا صرف تنوع، اظہار خیال، شمولیت، شفافیت اور احتساب، وسائل، مستقل بہتری جیسی چیزیں شامل ہوں بلکہ شراکت داروں کی شمولیت کو بھی یقینی بنایا گیا ہو۔ IA کے اندر عملے کے ایک ایسے ملازم کو ذمہ دار Champion بنانا چاہیئے جو ادارا جاتی میکانزم کے ذریعے نہ صرف برادری کی شمولیت کے عمل کی رہنمائی اور سہولت کاری کرسکے بلکہ شہریوں کی رپورٹ کارڈ کی تیاری کے ذریعے شہریوں کے اطمینان کے بارے میں سروے مرتب کرسکے اور ساتھ ہی ان عہدیداروں کی تربیت بھی کرسکے جو عوام کے ساتھ براہ راست تعلق میں رہتے ہیں۔

## صنفی ترقی کا ڈھانچہ

اس تحقیق نے کراچی کے بارے میں حالیہ مطالعات سے حاصل کردہ نتائج کی تصدیق کی ہے جن میں ان معاشرتی عدم مساوات کو اجاگر کیا گیا ہے جو خواتین کو میونسپلٹی خدمات اور شہری تعمیرات سے وابستہ مسائل کا شکار بناتی ہیں۔ ان سے یہ بات بھی واضع ہوئی کہ ان علاقوں میں رائج صنفی رسم ورواج خواتین کی آزادانہ نقل وحرکت کو محدود کرتے ہیں۔ اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ سرکاری خدمات کی باضابطہ فراہمی کی محدود استطاعت مجبوراً بازار مین تجارتی طور پر موجود خدمات کے حصول کی طرف راغب کرتی ہیں جو نہ صرف یہ کہ غیر رسمی ہوتی ہیں بلکہ زیادہ آمدن والے گھرانوں اور مرد حضرات کے لئے زیادہ آسانی سے دستیاب ہوتی ہیں۔ آلودہ پانی کے صحت پر مضر اثرات کا غالب اثر عورتوں اور بچوں پر پڑتا ہے، تحقیق کے نتائج سے اس بات کو بھی تقویت ملتی ہے کہ خدمات فراہم کرنے والے اداروں میں خواتین کی غیر موجودگی بھی خواتین صارفین کو ان سہولیات کے استعمال کی افادیت سے دور کردیتی ہے۔

اس تحقیق کے نتائج نے ان ممکنہ اثرات کو سمجھنے کے لئے جو کراچی میں بنیادی ڈھانچے کی تعمیر اور دیگر بنیادی شہری خدمات کی فراہمی پر مرکوز ہیں۔ اس بات کی بھی توقع کی جاتی ہے کہ ان علاقوں میں بہتر شہری سہولیات کی فراہمی خواتین کی موجودہ حالت کے کچھ منفی اثرات کو مثبت طور کم یہ روک سکتی ہیں۔ اس سلسلے میں یہ تحقیق خاص تجاریز کے ساتھ یہ نتیجہ اخذ کرتی ہے کہ کس طرح اس منصوبے کا ایک ایسا نمونہ بنایا جائے جس کے ذریعے خواتین کے شہری حقوق اور برادری میں ان کی حیثیت کو زیادہ طاقتور بنا کر ان کو اس قابل کیا جاسکے کہ وہ نہ صرف دستیاب شہری سہولیات تک رسائی حاصل کرسکیں بلکہ ان سہولیات کو مکمل افادیت کے ساتھ استعمال بھی کرسکیں۔

## شکایات کے ازالے کے میکینزم Grievance Redress Mechanism (GRM) کا انتظامی ڈھانچہ

GRM) ایک ایسا آلہ ہے جو منصوبے میں موجود شکایات یا تنازعات کی فوری شناخت، تشخیص اور حل فراہم کرتا ہے۔ شکایات کے ازالے کے طریقہ کار کا عمومی مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ منصوبے کی ترقی اور جاری رہنے کے عمل کے مختلف مراہل کے دوران باہمی اعتماد اور بھروسے کو فروغ دینے کے لئے مقامی متعلیقین کی شکایات اور تکالیف کو ایک منظّم اور شفاف انداز میں نمٹایا جائے۔

KMC کے شکایت سیل کا ویب پر مبنی نظام کراچی میں شہریوں کو اپنی شکایت درج کرنے کے لیئے دستیاب ہے۔ تاہم عوام الناس شکایت کے ازالے کے اس نظام سے مطمئن نہیں۔ اس منصوبے کے لیئے KMC میں پہلے سے موجود GRM کے نظام کو شکایات کے بہتر ازالے اور حل کی لیئے بہتر کرنا ضروری ہے۔ LCs کو شکایات کے تیزی سے حل کے لیئے مختلف سطحون پر ایسے منصوبے بنانے، ذمہ داریوں کا تعین کرنے اور وسائل کا انتظام کرنے کی ضرورت ہے جو مرکز شکایات کی استعداد میں اضافہ کرسکیں۔ GRM میں شکائیت کی وصولی، تدوین، سمجھا لنے اور بروقت حل کرنے کے طریقے کار کا ایک مکمل مجموعہ دستیاب ہونا چاہیے۔

ان مسائل کے حل کے لئے مجوزہ انتظامی ڈھانچہ جو عالمی بینک کی معیار کے مطابق ہو، کو شکایات کا ایسا نظام چاہیئے جو ایک ایسا منظّم طریقہ کار مہیا کرے جس میں شکایات وصول کرنے اور ان کو حل کرنے کا ایک درجہ بہ درجہ راستہ موجود ہو۔ معیارات اس بات پر زور دیتے ہیں کہ ایک قابل فہم اور شفاف عمل کے استعمال کے ذریعے فوری طور پر شکایات کا ازالہ کیا جانا چاہیے جو کہ معاشرے کے مجوزہ اصولوں کے لحاظ سے بھی مناصب ہو اور متاثرہ شہریوں کے تمام طبقات کے لئے باآسانی قابل قبول ہو، اور یہ بغیر کسی معاوضے، اجرت اور قیمت کے دستیاب ہو۔ یہ طریقہ کار نہ صرف منصوبے میں پیش کردہ ممکنا اثرات اور خطرات کے حساب سے مناسب ہونا چاہئے بلکہ تمام متعلقین کے لیے سودمند بھی ہونا چاہیے۔ یہ طریقہ کار کسی بھی صورت میں دوسرے انتظامی یا عدالتی معاملات میں حائل نہیں ہونا چاہئے۔

### مزدور اور کام کے حالات کا انتظامی ڈھانچہ Labor and Working Condition Management Framework

یہ فریم ورک CLICK منصوبے کی ان ضروریات کی وضاحت کرے گا جو منصوبے کے عملی طور پر لاگو ہونے کی صورت میں مزدوروں اور کام کے حالات کی صورت میں سامنے آئیں گی۔ اس فریم ورک کا مقصد ان سرگرمیوں کا انتظام اور نگرانی ہے جن سے ممکنہ طور پر مزدوروں کو خطرات لاحق ہو سکتے ہیں اس فریم ورک میں امکانی اثرات اور نتائج کا تعین کیا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ ان سے کس طرح بچنا ممکن ہے۔ LCs مارکیٹ میں موجود کنٹریکٹروں اور دوسرے اداروں کے ذریعے تجارتی اور موازنے کی بنیادوں پر مزدوروں کا حصول ممکن بنائیں گی۔

LCs اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ کھانے پینے، کیمپ کے دوسرے انتظامات اور چیزوں کی نقل وحرکت سے متعلق تمام معیارات بہترین مروجہ بین القوامی طریقوں کے مطابق ہوں۔ قابل اطلاق قوانین، ضوابط، اجازت نامے، لائیسنس اور دیگر قانونی پابندیوں، تقاضوں اور معاہدوں کی تعمیل اولین ترجیح ہوگی۔ ان طریقوں کو جو قانون اور قواعد وضوابط کے مطابق ہیں برقرار رکھا جائے گا جو تحفظ، صحت اور ماحول کی حفاظت کے لیئے رائج ہیں اور ان کی افادیت برقرار رکھنے کے لیے ملازمین کا محاط انتخاب، تقرری، تربیت اور دوران ملازمت تشخیص کی جائے گی۔ ممکنہ سماجی واقعات، امور اور اثرات سے متعلق مناسب روک تھام (یا اضافہ)، ان پر اختیار، ان کی تخفیف اور نگرانی کی حکمت عملی کا نفاظ بھی ضروری ہے۔

### ادارہ جاتی انتظامات

سماجی تحفظ کی سرگرمیوں میں مختلف کردار، افعال اور معتدد ایجنسیاں شامل ہیں۔ GOS کے ذریعے ایک ایسی Project Steering Committee (PSC) Inter-agency بین ایجنسی پروجیکٹ اسٹیرانگ کمیٹی قائم کی جانی چاہیئے جو پالیسی کی سمت اور حکمت عملی کی نگرانی اور مستقل بنیادوں پر عمل درآمد کی پیش رفت کا جائزہ لے سکے۔ LGD پر کارکردگی کی بنیاد پر LCs کو عطیات دینے کے نظام کو نافذ کرنے کی مکمل ذمہ داری عائد ہوگی۔ ایک LGD (PMU) Project Managment Unit کی طرف سے ان تمام کاموں کی نگرانی کرے گا۔ کارکردگی کی بنیاد پر حاصل شدہ عطیات کا استعمال کرتے ہوئے کراچی LCs براہ راست بنیادی ڈھانچے کی تعمیرات کے ذیلی منصوبوں کا نفاذ کریں گی۔ اس طریقے سے کراچی LCs بنیادی ڈھانچے کے ترقیاتی منصوبوں کو نافذ کرنے والی ایجنسیاں (IAS) ہوں گی اور LGD کے ساتھ ساتھ، والڈ بینک کی منظوری کے ساتھ SMF کے نفاذ کی مجموعی ذمہ داری بھی اٹھائیں گی۔ LGD اس منصوبے کے لئے مجموعی طور پر عمل درآمد کرنے والی ایجنسی (IA) ہے۔ LGD میں موجود PMU، سوشیل سیف گارڈ مینجمنٹ سیل Social (SSMC) Safeguard Managment Cell کے توسط سے سماجی تحفظات کی تعمیل کے بارے میں معلومات اور پیشرفت اکھٹا کرے گا جس کے ذمہ منصوبے اور اس کے ذیلی منصوبے کی روز مرہ کی حفاظتی سرگرمیوں کی دیکھ بھال کی ذمہ داری سونپ دی جائے گی۔ LCs اور ان کے PIUs کے تحفظ کے اقدامات کی منصوبہ بندی اور تیاری اور SMF کے نفاذ اور نگرانی میں مدد کے لئے Supervisory Consultants (SC) کو شامل کرے گا۔ SMF کی انتظامیہ کو اسی مقصد کے لئے مختلف اداروں اور حکومتی محکموں کی مدد اور تعاون کی ضرورت ہوگی۔

LGD، Abbreviated Resettlement Action Plan (ARAP) کی آزادانہ نگرانی اور جائزے کے لئے ایک Independant Monitoring (IMA) Agency یا ایک ماہر (ٹیم کے ساتھ) کی خدمات حاصل کرے گا۔ کمیونٹی کی مدد سے منصوبوں سے متاثرہ مرد وخواتین (PAPs) پر مشتمل ایک Project Affected Persons Committee پراجیکٹ سے متاثرہ افراد کی کمیٹی (PAPC) بنائی جائے گی۔

### نگرانی اور جائزہ

نگرانی اور جائزے کا عمل CLICK منصوبے کے عملدرآمد والے مرحلے میں شروع کردیا جائے گا تاکہ منصوبے کے اثرات کو بہتر طور پر سمجھا لنے کے انتظام کی اثر پزیری کا جائزہ لیا جاسکے نا صرف یہ کہ یہ دیکھا جائے کہ منصوبے کے اثرات کو سمجھا لا کیسے جائے بلکہ ان اثرات کی روک تھام کی کامیابی سے نافذ شدہ اقدامات کا بھی جائزہ لیا جائے۔

ذیلی منصوبوں کے جائزہ لینے کے عمل کا مجموعی مقصد یہ یقینی بنانا ہوگا کہ CLICK کو اس طرح لاگو کیا جائے کہ وہ نہ صرف یہ کہ معاشرتی اثرات کو ان ذیلی منصوبوں سے پہلے موجود صورت حال سے بہتر بنا دے یا پھر کم سے کم ان کے منفی معاشرتی اثرات کی درست معنوں میں روک تھام کر سکے۔ ان مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے نگرانی کا عمل دو سطحی ہونا چاہیئے ایک خارجی اور دوسری داخلی نگرانی۔

SSMC کا عملہ SMF اور RPF میں فراہم کردہ طریقہ کار اور رہنما اصولوں کے مطابق تحفظ کے عمل کی سرگرمیوں کی نگرانی کے لئے باقاعدہ منصوبوں کی جگہوں کا دورہ کرے گا۔ SSMC قومی انضباطی اور عالمی بینک کی تحفظ کی پالیسی کی ضروریات کے ضمن میں نگراں کنسلٹنٹس کے ذریعہ تیار کردہ تحفظ کے اصولوں کی دستاویزات کی تعمیل کی حیثیت کا بھی جائزہ لے گا۔ LGD ایک Independent Monitoring Agency (IMA) کی خدمات حاصل کرے گا تا کہ معروضی طور پر یہ دیکھا جا سکے کہ تخفیف کے اقدامات کس حد تک کامیاب یا ناکام ہوئے ہیں۔ SMF جس میں SIA/SMP/ARAP,PCRMP شامل ہیں کے نفاذ کے دوران سال میں دو مرتبہ آزادانہ نگرانی کی جائے گی ااور اپنی نگرانی کے نتائج PMU,SSMC, PIUs اور WB کو ماہانہ اور سہ ماہی دستاویزات میں بتائے جائیں گے۔

## تحفظ کے اقدامات کی تعمیل کے لئے اہلیت کی تعمیر

IAS کو وسائل کی اہلیت کے ساتھ ساتھ ایک قابل عمل ماحول کی ضرورت ہوگی تا کہ وہ معاشرتی تحفظ کے انتظام اور نگرانی کا عمل مندرجہ ذیل نکات کے ذریعے پایہ تکمیل تک پہنچا سکے:

ا۔ تحفظ کے اقدامات کے انتظام کو چلانے کے لئے مزید تعلیم یافتہ اور خدمت کے جذبے سے سرشار انسانی وسائل کی شمولیت۔ ۲۔ منصوبے سے متاثرہ معاشرتی مسائل اور Land Acquisition and Resettlement (LAR) کے انتظام کی بہتر سمجھ کے لئے PMU اور PIU کے عملے کی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کی منصوبہ بندی اور اس پر عملدرآمد اور ۳۔ تخفیفی اور نگرانی کے عمل کو لاگو کرنے میں PIU اور PMU کی کردار سازی۔

IAS کے ذریعے ایک ادارہ جاتی صلاحیتوں کی ترقی کی حکمت عملی اور منصوبے کے لحاظ سے مخصوص صلاحیتوں کو بڑھانے کا منصوبہ تیار کیا جا سکتا ہے جو نہ صرف مختلف سطحوں پر موجود صلاحیتوں میں کمی کی نشاندہی کرے بلکہ ان پر قابو پانے کے لئے متعلقہ اقدامات کا مشورہ بھی دے۔

IAS معاشرتی انتظام کے عمل سے متعلق مختلف موضوعات پر تربیت دینے کا اہتمام کرے گی ان موضوعات میں آگاہی بڑھانا/صحت وصفائی کے انتظام، (SMF کے اطلاق) پرورکشاپس اور وہ تربیتی پروگرام شامل ہیں جن کا تعلق ذیلی منصوبوں پر عملدرآمد کے معاشرتی مسائل اور تکنیکی اور موضوعاتی شعبوں سے ہو۔ تربیتی پروگراموں کی توجہ آبادی، بحالی اور سماجی اثرات کے خاتمے پر مرکوز ہوگی۔

## SFM کے نفاظ کے لئے بجٹ

SMF کے بجٹ میں SMF کے نفاذ کو یقینی بنانے کی سرگرمیوں کا احاطہ کی اجائے گا۔ یہ منصوبے کی مجوزہ پانچ سالہ معیاد کے لئے PIU اور PMU میں موجود Social Safeguard Management Cell (SSMC) کے عملے کا بھی احاطہ کرے گا۔ SMF نے ذیلی منصوبوں کے کام میں LCs کی معاشرتی نظام کے حوالے سے استعداد کار کی صلاحیتوں میں اضافے کے لئے کچھ نہ کچھ مدد فراہم کی ہے۔ اور اس مقصد کے لئے SMF نے سماجی خطرات کی تخفیف، SSMC کے عملے کی بھرتی اور آزادنہ اور غیر جانبدارانہ توثیق اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لئے PKR 685.66 ملین کا حقیقت پسندانہ بجٹ رکھا ہے۔

## ضمیمہ A: آبادی کاری کی پالیسی کا ڈھانچہ:

### تعارف:

آبادکاری کی پالیسی کا ڈھانچہ Resettlement Policy Framework (RPF) قانونی اور پالیسی ڈھانچہ، اہلیت کا معیار اور منصوبے سے متاثرہ افراد (PAPs) کے اصل حقداروں کا تعین کرتا ہے تا کہ بروقت اور منصفانہ معاوضے، منتقلی اور بحالی کے کام اور شکایات کے ازالے کے ساتھ ساتھ نگرانی اور رپورٹنگ کے عمل کو یقینی بنایا جا سکے۔ شناخت شدہ اجزاء ترکیبی کے تمام ذیلی منصوبوں کے تفصیلی دائرہ کار کی ابھی تک وضاحت نہیں کی جا سکی ہے۔ تاہم یہ توقع کی جا رہی ہے کہ کراچی کے مجوزہ اضلاع اور قصبوں میں آبادکاری اور بہتری کے کاموں کے لئے مجوزہ سرمایہ کاری کس بھی جبری بے دخلی یا بڑے پیمانے پر زمین کے حصول کا باعث نہیں بنے گی۔ یہ RPF جس کی تیاری اور تائید IAs کے ذریعے کی گئی ہے آبادکاری کی پالیسی، اصولوں، مقاصد اور عملدرآمد کے طریقے کار سے متعلق OP4.12 کی ضروریات کو پورا کرتا ہے اور اس سے متعلق قومی قوانین کی تکمیل کرتا ہے۔

## منصوبے کے خطرات کو کم کرنے کا طریقہ کار

RPF نے CLICK منصوبے میں شامل خطرات کو تفصیلاً بیان کیا ہے اور زیادہ خطرے والے ذیلی منصوبوں کو خارج کر دیا ہے۔

خلاصہ:ا۔ وہ اقدامات جو کراچی کے پیچیدہ تناظر میں خطرات سے بچنے کے لئے منصوبے کے ڈیزائن میں شامل کئے گئے ہیں اور۔

۲۔ انسداد تجاوزت کی جاری مہم سے منسلک اس منصوبے سے وابستہ ماحولیاتی اور معاشرتی خطرات کو مزید کم کرنے کے لئے تخفیف خطرات کے کثیر الجہتی اقدامات جن کا ذکر اس منصوبے کے ڈیزائن میں کیا گیا ہے اور جس سے گریز کیا جائے گا۔ منصوبے میں موجود تخفیف خطرات کے تناظر میں یہ تجویز بھی پیش کی گئی ہے کہ تخفیف خطرات کے اقدامات منصوبے کے ڈیزائن میں شامل کئے جائیں اور مزید اقدامات بینک کے OP4.12 کے مطابق شامل کئے جائیں بشمول سسٹم لیول اقدامت کے۔ منصوبے سے منسلک خطرات سے بچنے کے لیئے ایک تفصیلی طریقہ کار Project Risk Reduction Procedure (PRRP) تیار کیا گیا ہے۔

منصوبے پر عمل درآمد، حفاظت کے طریقوں کی دستاویزات کی تیاری، ذیلی منصوبوں کی جانچ اور صلاحیتوں میں اضافے کے دوران (PRRP) کراچی میں جاری انسداد تجاوزات مہم Anti - Encroachment Drive (AED) کے تحت اقدامات میں ہم آہنگی اور نگرانی کے اقدامت بھی شامل کرے گا۔

PRRP معاشرتی اور ماحولیاتی خطرات سے بچنے کے لئے ایک سفارش بھی پیش کرے گا۔ خاص طور پر کراچی میں جاری (AED) سے وابستہ خطرات کے لئے۔ مضبوط کثیر الجہتی جانچ کا طریقہ کار جس کے ساتھ، استعداد کار کو بڑھانے، نگرانی اور AED کے ساتھ ہم آہنگی، فعال متعلقین کی شمولیت، مضبوط (GRM) جیسے اجزا معاشرتی خطرات سے بچنے کے لئے اقدامات کا ایک جامع مجموعہ فراہم کرے گا۔ حفاظتی اقدامات کی تکمیل سے متعلق قانونی اقرارناموں پر مبنی قانونی معاہدے اور خاص طور پر AED کے (PRRP) کی جانچ کے میکانزم کے ساتھ، اس یقین دہانی کی اضافی گارنٹی فراہم کرے گا کہ CLICK منصوبہ بینک کی تحفظ کی پالیسوں کے مطابق عمل درآمد کو یقینی بنائے گا۔

## قانونی اور پالیسی ڈھانچہ

یہ (RPF) پاکستان کے اراضی کے حصول کے ایکٹ 1894 کے ریگولیٹری ڈھانچے اور ورلڈ بینک کی آپریشنل پالیسیاں خاص طور پر OP4.12 کی بنیاد پر بنایا گیا ہے۔ دونظاموں کے مابین پائی جانے والی خامیوں کو دور کرنے کے لئے پاکستان کے قانونی اور ریگولیٹری نظام برائے Land Acquisition and Resettlement (LAR) (LAA 1894) اور ورلڈ بینک کے OP4.12 کے درمیان مفاہمت کی تدابیر تجویز کی گئیں ہیں۔ پاکستان میں ,1894 LAA منصوبوں کے لئے نجی اراضی کے حصول اور معارضے کی ادائیگی کے لئے اراضی کے حصول کے طریقہ کار کو ریگولیٹ کرنا ہے۔ OP4.12 کے مقاصد میں شامل ہے کہ جہاں کہیں بھی ممکن ہو جبری آبادکاری سے گریز کریں۔ منصوبے کے متبادل کی تلاش یا نقشہ میں تبدیلی کے ذریعے جبری آبادکاری کو کم سے کم سطح پر رکھنا، منصوبے سے پہلے کی سطح کے مقابلے میں حقیقی طور پر تمام بے گھر افراد کی معاشی استعداد کو بڑھانا، یا کم از کم سطح پر بحال کرنا، اور بے گھر ہونے والے غریب اور دیگر کمزور طبقات کے معیار زندگی کو بہتر بنانا اس حصے میں ذیلی منصوبے کی سرگرمیوں کی وجہ سے متاثرہ افراد کے درجہ بندی کے مطابق معاوضہ کی اہلیت اور استحقاق کی بھی تفصیلات ہیں۔

## معاشرتی اثرات کا جائزہ

LAR کے اثرات کے ساتھ ہر ایک ذیلی منصوبے کے لئے RAP کی تیاری کے لئے معاشرتی اثرات کی ایک تفصیلی مشق کی ضرورت ہوگی جو منصوبے کے ابتدائی مرحلے میں شروع کی جائے گی۔ جس کا آغاز شروع ہونے والے تمام ذیلی منصوبوں منصوبہ بندی اور نقشہ جاتی شروعاتی مراحل میں کیا جائے گا۔ سماجی اثرات کی تشخیص میں نہ صرف ابتدائی LAR کے اثرات کے جائزے، ذیلی منصوبوں کی جانچ اور IR درجہ بندی کھوئے ہوئے اثاثوں کی فہرست کی تیاری ILA شامل ہوں گے بلکہ اس کے تفصیلی پیمائشی سروے (DMS) اور PAP کی تعداد کا شمار، ایک معاشرتی معاشی سروے اور گمشدہ اثاثوں کی مالیت کے تخمینے کا عمل بھی کیا جائے گا۔ IR اور سماجی تشخیص کے نتائج ذیلی منصوبے RAP میں مجموعی شکل میں پیش کئے جائیں گے۔ اور متعلقہ RAPs سے منسلک اثرات کی فہرست کو RAP دستاویز میں ضم کیا جائے گا۔ کھوئے ہوئے اثاثوں کی فہرست کی تیاری کے ساتھ ساتھ PAPs کی سماجی واقتصادی معروضی صورتحال کو ہر ذیلی منصوبے RAP کے لئے ڈیٹا بیس فارم میں مستحکم اور کمپوٹرائز کیا جائے گا۔

## کلیدی متعلقین سے مشاورت

نتیجہ خیز معاونت خاص طور پر PAPs، متاثرہ گروہ اور دوسرے کلیدی متعلقین کے ساتھ ہر ذیلی منصوبے میں RAP کی تیاری اور عمل درآمد کے دوران نتیجہ خیز معاونت کی جائے گی تا کہ معاونت کی فراہمی اور نئی جگہوں پر آبادکاری سے متعلق ان لوگوں کے خیالات، ان کی ضروریات اور ترجیحات کے بارے میں درست معلومات کا حصول ممکن ہو سکے۔

IA اس منصوبے میں براہ راست یا بالواسطہ طور پر شامل ہونے والے متعلقین کے لئے ایک جامع مشاورت، شرکت اور معلومات کے حصول کی نہ صرف حکمت عمل وضع کرے گی بلکہ اس پر عمل درآمد کرے گی جس میں RAPs پسماندہ/ کمزور اور فائدہ اٹھانے والے گروہوں، سرکاری اہلکاروں اور سول سوسائٹی سمیت تمام لوگوں جن سے ذیلی منصوبے کی تکمیل کے پورے مرحلے میں زبردستی آبادکاری کے اثرات کے بارے میں جامع مشاورت کی گئی ہو۔

منصوبے کی جانچ پڑتال سے قبل RPF اور ذیلی منصوبے RAP کو ورلڈ بینک اور IAS کی ویب سائٹ پر ظاہر کیا جائے گا۔ دریں اثناء RPF اور ذیلی منصوبے RAPs کو PAPs اور دوسرے متعلقین پر قابل رسائی جگہوں جیسا کہ متعلقہ PIU اور ڈسٹرکٹ اور ٹاؤن آفسوں اور منصوبے کے راستوں پر واضح کر کے چسپاں کیا جائے گا۔

## اداراجاتی انتظامات

LGD اس بات کو یقینی بنائے گا کہ تعمیراتی کام کے لئے رقم کی فراہمی سے قبل تمام معاوضے، آبادکاری اور بحالی کی سرگرمیاں اطمینان بخش طریقے سے انجام دی جائیں۔ LCs تمام ذیلی منصوبوں کے لئے حفاظتی اقدامات کو نافذ کرنے اور مقامی آبادیوں اور حکام کے ساتھ باقاعدہ رابطے کو برقرار رکھنے کی ذمہ دار ہوں گی۔ RPF کے نفاذ کے دوران LCs نفاذ کی محدود گنجائش سے نمٹنے کے لئے LC کے اندر ایک Social Safeguard Management Cell (SSMC) قائم کیا جائے اور اسے PIU کے اندر زم کر دیا جائے۔ LGD اس بات کا تعین کرنے میں ایک مرکزی کردار ادا کرے گا کہ LCs, PRRP اور اس سے وابسطہ طریقہ کار کی جانچ، انتخاب نقشہ سازی اور نفاذ کے عمل کو لاگو کریں اور اس پر مکمل عمل درآمد کریں یہ WB کی تحفظ کی پالیسوں اور SMF/RPF کی تعمیل کو یقینی بنائے گا۔ یہ LCs کو کارکردگی کے اقدامات کے حصول میں ان کی مدد کے لئے مرکزی تکنیکی تعاون Technical Assistance (TA) اور صلاحیت سازی میں مدد فراہم کرنے کا ایک نہ صرف پیکج فراہم کرے گا بلکہ اس پیکج کو چلانے کے لئے بھی مدد فراہم کرے گا۔ یہ موجودہ دستیاب مہارتوں اور مشاورت کی خدمات کے حصول کے ذریعے ذیلی منصوبوں کی جانچ، انتخاب، نقشہ سازی، نگرانی اور جائزے کے لئے LCs کو مدد فراہم کرے گا۔ یہ جانچ کے طریقے کار Project Risk Reducing Procudures (PRRP) اور SMF/RPF کے ساتھ مطابقت پذیر LC کے ذیلی منصوبوں کے لئے ماحولیات اور سماجی انتظام کے منصوبوں/ تحفظ کے اقدامات کی تیاری اور نفاذ میں تمام LCs کو بھی مدد فراہم کرے گا۔

## شکایت کے ازالے کا طریقہ کار:

سماجی اور LAR کے اثرات سے پیدا ہونے والی شکایات کو دور کرنے کے لئے CLICK کے تحت شکایات کے ازالے کا تین سطحی طریقہ کار Grievance Redress Mechanism (GRM) قائم کیا جائے گا۔ ذیلی منصوبوں کے سلسلے میں GRM کا مقصد PAPs سے شکایات کا حصول، ان شکایات کا جائزہ اور ان کو حل کرنا شامل ہے اور اس RPF اور متعلقہ ذیلی منصوبہ RAPS کے منصفانہ نفاذ میں آسانی ہے۔ PIU میں شکایت کے ازالے کے لئے ایک کمیٹی (GRC) قائم کی جائے گی جو ان مسائل کے حل کی کوشش کرے گی جو مقامی سطح پر حل نہیں ہو پائے تھے۔ اور اگر مذکورہ بالا عمل بھی ختم ہو جائے تو عدالت آخری منزل ہوگی۔

## معاوضہ، آمدن کی بحالی اور تبدیلی

منصوبے سے متاثرہ افراد PAPs جن کی زمینیں، دوسری تعمیرات (رہائشی اور تجارتی) اثاثے، فصلیں اور درخت ان منصوبوں کی وجہ سے متاثر ہوں گے وہ مالی اعانت کے مستحق ہوں گے اس اعانت میں نقل مکانی کے اخراجات اور کاروباری نقصانات کی تلافی شامل ہوگی۔ اراضی کے متصدقہ مالکان یا ان لوگوں کو جو زمین کے حقوق مقامی قوانین یا مقامی روایات سے مطابقت رکھتے ہیں انہیں مالی معاونت کے طور پر معاوضے کی مکمل نقد ادائیگی کی جائے گی۔ وہ افراد جن کے زیر استعمال منصوبے میں شامل زمین ہے اور جن کے مالکانہ حقوق کا قانونی یا روائیتی طور پر تعین نہیں کیا جا سکتا ایسے لوگوں کو زمین کا معاوضہ نہیں دیا جائے گا۔ لیکن ایسے افراد کو متعلقہ زمین پر موجود فصلوں، درخت، تعمیرات اور کاروبار کی آبادکاری اور بحالی کے لئے RPF کے لئے تیار کردہ مندرجہ ذیل میزان کے ذریعے ادائیگی کی جائے گی۔

## جدول ا:  اہلیت اور معاوضے کے استحقاق کا میٹرکس

| نقصانات کی قسم | تفصیلات | اہلیت | استحقاق |
|---|---|---|---|
| **ا۔ زمین** | | | |
| قابل کاشت اراضی پر مستقل اثرات | اثرات کی شدت سے آزادانہ طور پر تمام اراضی کے نقصانات | مالکان (اعزازی یا روایتی حقوق کے حامل) | ☆ زمین کے معاوضے کے طور پر ویسی ہی قیمت اور پیداواری صلاحیت کی زمین کی فراہمی جس کا قبضہ منصوبے کی وجہ سے چھوڑنا پڑا۔<br>☆ تبادلے کی مکمل لاگت (RC[2]) کا نقد معاوضہ یا تو EA اور اراضی کے مالکان کے مابین گفت وشنید کے ذریعے طے پایا گیا تخمینہ یا LAA کے سلیکشن 23 کی دفعات پر مبنی ہو جس میں منصفانہ مارکیٹ ویلیو کے علاوہ نقصانات/اخراجات جو ٹیکسوں اور عائد محصولات سے مستثنیٰ ہوں۔ 15% لازمی زمین کے حصول کا سرچارج (CLAS Compulsory Land Acquistitor Surcharge) سلیکشن 4 کی اشاعت کی تاریخ سے لے کر معاوضے کی تاریخ تک۔<br>☆ اگر BOR[3] کا معاوضہ RC سے کم ہوا تو اس فرق کی ادائیگی PAPs کی آبادکاری کے مقصد سے ذریعے معاش کو بحال کرنے کی مد میں ادا کی جائے گی۔<br>☆ آبادکاری میں مدد، اگر پیداواری وسائل اور قابل کاشت اراضی پر اثرات کا تناسب 10 فیصد یا اس سے زائد ہو۔ |
| | | لیز بردار اعزازی اور غیر اعزازی | ☆ معاوضہ پسند کی قسم کے موافق اور بقایا پسند کی مدت کے لئے ادا شدہ ایڈوانس یا ادا شدہ لیز کی رقم کی وصول کے لئے موزوں ہے لیکن زیادہ سے زیادہ دو سال کی مدت تک۔<br>☆ اضافہ فصل (فصلوں کی بوائی کی قدرتی ترتیب/ کاشت پر مبنی ہے حساب کتاب) اور موجودہ تیار فصل کے لئے معاوضے کی ادائیگی اور دیگر مناسب آبادکاری اور بحالی کے اقدامات کے لئے عبوری معاونت۔ |
| | | فصل کا حصہ دار/کرایہ دار (اعزازی اور غیر اعزازی) | ☆ مارکیٹ ویلیوں کے حساب سے فصلوں کے معاوضے کی ادائیگی (نیچے فصلوں کے معاوضے کی تفصیلات ملاحظہ فرمائیں۔) ٹھیکوں پر دی گئی زمین کے انتظامات کی بنیاد پر زمین کے مالک کے ساتھ بانٹنا۔ |
| | | ہاری | ☆ ہاریوں کو زمین کے حصول کی وجہ سے ملازمت/اجرت کے نقصانات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ایسے ہاری بحالی الاؤنس کی نقد رقم کے حقدار ہوں گے اور یہ رقم یا تو سرکاری طور پر مقرر کردہ کم سے کم اجرت کے تین مہینے کی رقم کے برابر ہوگی یا متعلقہ فصلوں کی کاشت / کاشت کے ریکارڈ کی بنیاد پر ایک موسم کی فصل کی خالق قیمت کے برابر ہوگی۔ |

[2] Refer to OP 4.12

[3] Board of Revenue, provincial agency with a mandate to approve compensation rate/amount

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | قابضین | ☆ زمین کے نقصان کا کوئی معاوضہ نہیں دیا جائے گا۔<br>☆ بحالی کے کاموں کے لئے رقم کی صورت میں ملنے والے الاؤنس جس کی مالیت فڈل کی سالانا پیداوار کی خالص قیمت کے برابر ہے اور دوسرے بحالی کے اقدامات کی وضاحت منصوبوں کی مخصوص صورتحال اور PAP کی مشاورت پر مبنی RAPs میں کی جائے گی۔ |
| رہائشی/تجارتی زمین | اثرات کی شدت سے آزادانہ طور پر تمام اراضی کے نقصانات | اعزازی یا روایتی حقوق کے حامل افراد | ☆ مکمل متبادل لاگت (RC) جس میں منصفانہ مارکیٹ ویلیو کے علاوہ 15 فیصد لازمی حصول کا سرچارج، لین دین کے تمام اخراجات، قابل اطلاق فیس محصولات اور قابل اطلاق دیگر ادائیگیاں شامل ہیں۔<br>☆ اگر BOR3 کا معاوضہ RC سے کم ہو جاتا ہے، تو اپنی اس منصوبے سے متاثرہ معاش کو بحال کرنے کے لئے PAPs کو آبادکاری کی امداد کے طور پر یہ تفریق ادا کی جائے گی۔<br>☆ اگر پیداواری وسائل بشمول اراضی کا نقصان 10 فیصد یا اس سے زیادہ ہوگا تو PAPs کے ساتھ اضافی معاوضے کے بارے میں مشاورت کی جائے گی۔ |
| | | لیزی، کرایہ دار | ☆ مکان کی بقایا لیز یا کرایا، مکان کے کے کرائے اور لیز کی شرح کے مطابق ادا کر جائے گی۔ |
| | | مالک جائیداد/ لیز بردار | ☆ PAPs کے ساتھ مشاورت کر کے 3 سے 6 مہینوں کے برابر کرائے کے الاؤنس کا فیصلہ کیا جائے گا۔ |
| | | غیر اعزازی استعمال کنندہ بغیر روائیتی حقوق کے | ☆ زمین کے نقصان کا کوئی معاوضہ نہیں دیا جائے گا۔<br>☆ کم سے کم اجرت کی شرح کے حساب سے، یا آمدن کے تجزیے کی بنیاد پر 3 سے 6 مہینے کے ذریعہ معاش کے برابر خود نقل مکانی کا الاؤنس جہاں ضرورت ہو، معاشرتی اثرات کی تشخیص کے ذریعے طے کئے جانے والے بہتر معیار زندگی کو یقینی بنانے کے لئے اضافہ امداد کی فراہمی۔ |
| زمین پر عارضے قبضہ | تعمیراتی کاموں کے لیئے عارضی طور پر زمین کی ضرورت | مالک جائیداد، لیزی، کرایہ دار | ☆ فریقین کے باہمی اتفاق کے ذریعے، زمین پر قبضے کی مدت کے لئے کرائے کی ادائیگی۔<br>☆ زمین کی اصل حالت میں بحالی۔ اور<br>☆ تعمیرات (اگر کوئی ہوں تو) اور بقیہ اراضی تک رسائی کی ضمانت اور تعمیرات کی بحالی اور پانی کی فراہمی۔ |
| | | غیر اعزازی استعمال کنندہ | ☆ آبپاشی کے لئے پانی کی فراہمی کی بحالی کے ساتھ بقیہ زمین پر واقع زمین اور تعمیرات تک یقینی رسائی (اگر قابل اطلاق ہو تو)<br>☆ زمین کی اصل حالت میں بحالی اور<br>☆ امداد کی بحالی میں معاونت، جیسا کہ، فراہم کردہ حق کے مطابق کھوئی ہوئے فصلوں/درختوں کے لئے معاوضہ (ذیل میں فصلوں اور درختوں والا حصہ دیکھیں) |

## ۲۔تعمیرات

| | | | |
|---|---|---|---|
| رہایشی، زرعی، تجارتی، عوامی، سماجی | جزوی نقصان | مالک جائیداد (بشمول غیر اعزازی استعمال کنندہ) | ☆ متاثرہ تعمیرات کے لئے نقد معاوضہ (اس کی اصل بحالی کے لئے جزوی طور پر متاثرہ تعمیر کے باقی حصے کی عملی طور پر کام کرنے کی صلاحیت کو مدنظر رکھتے ہوئے) قیمتوں میں کمی اور کٹوتی ہوئے بغیر، سامان، مزدوری، نقل وحرکت اور دیگر اخراجات کی مارکیٹ ریٹ کے حساب سے فراہمی۔<br>☆ ضائع شدہ تعمیرات سے بچائے گئے سامان کا حق۔<br>☆ غیر مستحکم گھرانوں کے لئے، مناسب رہائش تک اقانونی اور سستی رسائی کی فراہمی، تاکہ ان گھرانوں کا معیار زندگی رہائش کے کم سے کم قومی معیار کے مطابق ہو سکے۔<br>☆ کسی بھی لیز کنندہ/ کرایہ دار کے ذریعے کسی تعمیر میں ہونے والی کسی بھی طرح کی اضافی تعمیر اور تبدیلی کو مدنظر رکھا جائے گا اور اس کا معاوضہ مالک اور کرایہ دار کے مابین ہوئے اجلاس میں متفقہ طور پر قابل قبول رقم کی پوری ادائیگی کے طور پر کیا جائے گا |
| | | لیزی، کرایہ دار | ☆ نقد رقم کی واپسی کرائے کی اس شرح کے حساب سے کی جائے گی جو تعمیر کے ضائع شدہ حصے کے حجم اور باقی مدت کے لئے پہلے سے ادا کی گئی لیز کے مطابق ہو۔<br>☆ کسی کرایہ دار کے ذریعے ضائع شدہ تعمیر میں ہونے والی کسی بھی طرح کی اصلاحی تعمیر کو مدنظر رکھا جائے گا اور مشاورت کے اجلاسوں کے ذریعے اتفاق رائے سے تسلیم شدہ اصولوں کے مطابق مکمل متبادل قیمت پر معاوضہ دیا جائے گا۔ |
| | تعمیر کا مکمل نقصان اور تبدیلی مقام | مالک جائیداد (بشمول غیر اعزازی استعمال کنندہ) | PAPs مندرجہ ذیل متبادل کے درمیان انتخاب کر سکتے ہیں۔<br>☆ قانون کے تحت لاگو ہونے والے تمام لین دین، فیسوں اور ٹیکسوں کی ادائیگی سمیت ضائع شدہ تعمیر کے حجم اور قیمت کے برابر آبادکاری کی جگہ (اگر کوئی ہو) پر مکمل طور پر مالکانہ حقوق اور رجسٹری کے ساتھ متبادل تعمیر کی فراہمی۔<br>یا<br>☆ مکمل بحالی کی مد میں نقد معاوضہ، بشمول لین دین کے تمام اخراجات جیسا کہ قابل اطلاق فیس اور محصولات کی ادائیگی تعمیر کی فرسودگی اور مدت کے تعین کے بغیر ادا کی جائے گی۔ بذات خود رہائش کی تبدیلی کی صورت میں۔<br>☆ کسی بھی صورت میں PAP کو متاثرہ تعمیر کو بچانے کا حق ہے۔ |
| | | لیزی، کرایہ دار | ☆ لیز کی باقی ماندہ مدت کے مطابق کرایہ کی شرح پر نقد رقم کی واپسی۔<br>☆ ایسی کوئی بھی بہتری جو لیز بزدار/ کرایہ دار نے ضائع شدہ تعمیر میں کی ہو، کو مدنظر رکھتے ہوئے مشاورت کے اجلاسوں میں متفق ہوئی قابل ادائیگی کی جانے والی پوری متبادل قیمت کا معاوضہ کے مطابق ادا کی جائے گی۔ |
| | معمولی تعمیرات (باڑ، شیڈ، بیت الخلاء وغیرہ) کی منتقلی | مالک جائیداد لیزی، کرایہ دار | ☆ مارکیٹ ریٹ (مزدوری، سامان، سفری اخراجات، تعمیر کی فرسودگی اور مدت اور دوسرے واقعاتی خرچ) کے مطابق بذات خود رہائش کی تبدیلی یا منصوبے کی طرف سے آبادکاری کے لئے نقد امداد کی فراہمی۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | اسٹال، کھوکے، پتھارے | اشیاءفروش (بشمول اعزازی و غیراعزازی زمین کے استعمال کنندہ) | ☆ ضائع شدہ مقام کے مطابق متبادل مقام کی الائمنٹ اور<br>☆ مارکیٹ کی شرح کے حساب سے کھوکھے / ٹھیلے کو بذات خود تبدیل کرنے کے لئے معاوضہ (مزدوری، مواد، نقل وحمل اور دوسرے واقعاتی اخراجات ضرورت کے مطابق بغیر فرسودگی کی تخفیف کے)۔ |
| ۳۔فصلیں | متاثرہ فصلیں | کاشتکار | ☆ ضائع شدہ قطع زمین کے تناسب سے موجودہ مارکیٹ ریٹ پر نقد معاوضہ (ایک سال کی فصل) جو فصل کی قسم اور پچھلے تین سالوں میں سب سے زیادہ اوسط پیداوار کے مطابق ہو یا اس کا اندازہ متعلقہ زرعی محکموں کے ذریعے کیا جائے۔<br>☆ اگر پیداواری وسائل یا زمین کا نقصان 10 فیصد یا اس سے زیادہ ہو تو PAP کے ساتھ مشاورت سے اضافی معاوضے پر کام کرنا۔ |
| | | فصل کے حصہ داروں کے انتظامات | ☆ مذکورہ بالا کی طرح اور قانونی طور پر طے شدہ یا روائتی / غیر رسمی اتفاق رائے کے مطابق زمین کے مالک اور کرایہ دار کے درمیان تقسیم کیا گیا ہے۔ |
| ۴۔درخت | متاثرہ فصلیں | زمین دار / کاشتکار | ☆ فصلوں کی قسم اور اوسط پیداوار کے حساب سے موجودہ مارکیٹ ریٹ پر پھل دار درختوں کے لئے نقد معاوضہ۔ (۱) ضرب، غیر پھل دار، ناپختہ، اور جن میں پھل لگنے میں ابھی وقت درکار ہو یا (۲) ضرب، تناور، پھل دار، فصل کی سال کی اوسط پیداوار کو چھوڑ کر، جمع وہ قیمت جو پودوں کو منتقل کرنے اور نیپری کی خریداری کے لئے چاہیئے ہو۔<br>☆ لکڑی کے حصول کے لئے لگائے درختوں کے لئے لکڑی اس کی قسم اور موجودہ حجم کے حساب سے مارکیٹ ریٹ کے مطابق نقد معاوضہ جمع نیپری کی خریداری اور درختوں کی منتقلی کے حوالے سے دوسری ضرورتوں کی خریداری کی قیمت مذکورہ بالا کی طرح اور زمین کے مالک اور کریہ دار کے درمیان۔ |
| | | فصل کے حصہ داروں کے انتظامات | ☆ مذکورہ بالا کی طرح اور قانونی طور پر طے شدہ یا روائتی / غیر رسمی اتفاق رائے کے مطابق زمین کے مالک اور کرایہ دار کے درمیان تقسیم کیا گیا ہے۔ |
| ۵۔ آبادکاری اور منتقلی | | | |
| منتقلی میں معاونت | تمام تعمیرات جو متاثر ہوئیں | تمام PAPs اعزازی اور غیر اعزازی جن کو زمین اور تعمیرات کے کھونے کی وجہ سے منتقل ہونا پڑے گا | ☆ منصوبہ متاثرہ تعمیرات کو منتقل کرنے کے لئے تمام اہل PAPs کو نقل مکانی کے لئے مدد فراہم کرے گا چاہے نقل مکانی رضا کارانہ طور پر PAPs کی جانب سے بذات خود ہو یا منصوبے کی بنیاد پر ہو۔<br>☆ اگر منصوبے پر مبنی نقل مکانی، PAPs کو شہری سہولیات بشمول نکاسی و فراہمی آب اور اسکول اور صحت کے مراکز کی سہولیات (اگر ضروری ہو تو) فراہم کی جائیں گی۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مدت کی حفاظت | زمین اور تعمیرات کا متبادل | تمام PAPs اور کرایہ دار جن کو زمین اور تعمیرات کے کھونے کی وجہ سے منتقلی کے مقام پر منتقل ہونا پڑے گا | ☆اگر PAPs کو منصوبے کے نقل مکانی کی جگہ پر منتقل ہونا ضروری ہوا تو انہیں تعمیرات اور زمین کی منتقلی کے لئے محفوظ مدت فراہم کی جائے گی۔ |
| نقل وحمل کے لیے الاونس | ہر قسم کی تعمیرات جن کو منتقل ہونا پڑے گا | تمام PAPs اور کرایہ دار جن کو زمین اور تعمیرات کے کھونے کی وجہ سے منتقلی کے مقام پر منتقل ہونا پڑے گا | ☆ رہائشی ڈھانچے کے لئے یکمشت -/15,000 روپے یا زمینی صورتحال دیکھتے ہوئے اس سے زیادہ۔<br>☆ تجارتی ڈھانچے یا زرعی رقبے کے لئے یکمشت -/10,000 روپے یا زمینی صورتحال کے حساب سے اس سے زیادہ۔ |
| گھر کا کرایہ | ہر قسم کی تعمیرات جن کو منتقل ہونا پڑے گا | تمام PAPs اور کرایہ دار جن کو زمین اور تعمیرات کے کھونے کی وجہ سے منتقلی کے مقام پر منتقل ہونا پڑے گا | ☆ مکان یا تجارتی ڈھانچے کو کرائے پر لینے کے لئے PAPs کی مدد کے لئے PAPs اور منصوبے کی ٹیم کے مابین اتفاق رائے سے ایک مدت کے لئے موجودہ کرایہ کے نرخ کی بنیاد پر یکمشت کرایہ کے طور پر رقم کی امداد۔ |
| منتقلی الاؤنس | ہر قسم کی تعمیرات جن کو منتقل ہونا پڑے گا | تمام PAPs اور کرایہ دار جن کو منتقل ہونا پڑے گا | ☆ ہر الگ معاملے کی بنیاد پر عبوری الاؤنس ریکارڈ شدہ آمدنی کے 3 ماہ کے برابر یا سرکاری طور پر مقرر کردہ کم سے کم اجرت کی شرح کے برابر۔ |
| ۶۔آمدن کی بحالی | | | |
| زمین پر مبنی ذریعہ معاش پر اثر انداز | زمین کے تمام نقصانات | تمام متاثرہ PAPs جو زمین پر مبنی ذرائع معاش سے منسلک ہیں | ☆ ضائع شدہ زمین کی قیمت اور پیداوار کے مطابق زمین برائے زمین کے اصول پر قطعہ زمین کی فراہمی کی صورت میں۔ اور اگر زمین برائے زمین کے اصولوں کے مطابق زمین کی فراہمی ممکن نہ ہو تو نہ صرف اس مقصد کے لئے خاص طور پر پیدا کئے گئے روزگار کے مواقع یا خود روزگار کی سہولیات کی فراہمی، بشمول زمین اور دوسرے ضائع شدہ اثاثوں کی منتقلی کا مکمل خرچ۔ اگر متبادل اراضی دستیاب نہیں ہے یا PAPs کی ترجیحات میں شامل نہیں تو درج ذیل کا استحقاق ہوگا۔<br>☆ **قابل کاشت اراضی کا جزوی نقصان:** PAPs کو پیداواری صلاحیت کو بڑھانے کے اقدامات جیسے زمین کو ہموار کرنے، سیم سے بچانے، آبپاشی اور کاشتکاری کے لئے مشینوں کا حصول، کھاد اور بیج وغیرہ میں سرمایہ کاری کے لئے معاونے فراہم کی جائے گی۔<br>☆ **قابل کاشت اراضی کا مکمل نقصان:** وہ PAPs جو اراضی ہوں، کہ منصوبے پر موجود روزگار فراہم کرنے کے عمل پر کام کیا جائے گا اور بولی کی دستاویزات میں شامل یا سرمایہ کاری کے لئے اضافی مالی تعاون کے ساتھ ساتھ معاشی کے متبادل ذرائع کے قیام کے لئے تنظیمی/لاجسٹک مدد بھی فراہم کی جائے گی۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| معاش کے ذرائع تک رسائی میں رکاوٹ | ذیلی منصوبوں میں سہولیات کے ذریعے رکاوٹوں سے بچاؤ | تمام PAPs | ☆PAPs کی مشاورت سے منصوبے والے علاقے میں زرعی زمین، کاروباری جگہوں اور انسانی رہائش گاہوں تک بلاتعطل رسائی کو یقینی بنایا جائے گا۔ |
| کاروبار | کاروبار میں عارضی نقصان بوجہ LAR اور تعمیراتی سرگرمیاں<br><br>کاروبار کی مکمل بندش بوجہ LAR متبادل کاروباری مواقع کے امکان کے بغیر | کاروبار کے مالک (اعزازی غیر رسمی) بشمول پھیری والے اور پتھارے والے<br>کاروبار کے مالک (اعزازی غیر رسمی) بشمول پھیری والے اور پتھارے والے | ☆ٹیکس ریکارڈ کی بنیاد پر کاروباری صلاحیت اور خلل کے دوران 3 ماہ تک ضائع شدہ آمدنی کے برابر نقد رقم یا اس کی عدم موجودگی میں ٹیکس ریکارڈ کے مطابق اس طرز کے رجسٹرڈ کاروبار کے نرخوں کے ساتھ موازنہ سرکاری طور پر مقرر کردہ کم سے کم اجرت کی شرح کی بنیاد پر حساب کتاب۔<br>☆ٹیکس ریکارڈ کی بنیاد پر 6 ماہ کے لئے ضائع ہوئی آمدن کے برابر نقد معاوضہ یا اس کی عدم موجودگی میں ٹیکس ریکارڈ کے مطابق اسی نوعیت کے رجسٹرڈ کاروباری اداروں کے ساتھ نرخ کے حساب سے موازنہ، یا سرکاری طور پر مقرر کردہ کم سے کم اجرت کی شرح کی بنیاد پر حساب کتاب اور<br>☆ گھر کے کسی بالغ فرد کو منصوبے پر مبنی ملازمت کی فراہمی یا مائیکرو کریڈٹ اور تنظیمی/لاجسٹک سپورٹ اور اضافی مالی گرانٹ کے مواقعوں کے ساتھ دوبارہ تربیت تاکہ PAP کی متبادل آمدن پیدا کرنے کی سرگرمیاں بحال کی جاسکیں۔ |
| روزگار | بوجہ LAR روزگار کی عارضی یا مستقل بندش | متاثرہ کاروبار کے تمام برخواست شدہ ملازمین | ☆ملازمت کے ریکارڈ کے مطابق ضائع شدہ اجرت کے برابر نقد معاوضہ 3 ماہ کی مدت کے لئے اگر عارضی ہو اور 6 ماہ (مستقل طور پر) کے لئے یا ریکارڈ کی عدم موجودگی میں سرکاری کم از کم اجرت کی شرح کی بنیاد پر۔<br>یا<br>☆منصوبے پر مبنی ملازمت کی فراہمی، تنظیمی/لاجسٹک سپورٹ اور اضافی مالی گرانٹ کے مواقعوں کے ساتھ دوبارہ تربیت تاکہ PAPs کی متبادل آمدن پیدا کرنے والی سرگرمیاں بحال ہوسکیں۔ |

**۷۔عوامی خدمات اور سہولیات**

| | | | |
|---|---|---|---|
| عوامی خدمات اور سہولیات کا نقصان | اسکول، مراکز صحت، انتظامی خدمات، تعمیراتی خدمات، قبرستان وغیرہ | خدمات فراہم کنندہ | ☆اصل جگہ پر مکمل بحالی یا عوامی سہولیا تاور خدمات کی آبادکاری کے مقام پر دوبارہ تعمیر، بشمول متاثرہ زمین کے متبادل زمین اور تعمیرات کی منتقلی بمطابق استحقاقی میٹرکس کے سیکشن 1 اور 2 کے۔ |

## ۸۔خصوصی دفعات

| | | | |
|---|---|---|---|
| پسماندہ PAPs | معاش کی بہتری | تمام پسماندہ PAPs بشمول خط غربت سے نیچے رہنے والے، بے زمین، بوڑھے، عورتیں اور بچے | ☆ضائع شدہ اثاثوں کے قابل استحقاق معاوضے کے علاوہ، منتقلی اور معاش کی بحال سیکشن 1 سے 7 کے تحت پسماندہ PAPs کو مندرجہ ذیل کے ساتھ فراہم کی جائے گی:<br>☆ تین مہینے کے روزمرہ گزراوقات کے لیئے الاؤنس جس کا تخمینہ سرکاری سطہ پہ کم از کم اجرت کی شرح اور دوسرے مناسب بحالی کے اقدامات جو PAPs میں بیان کئے گئے ہیں اور جن کی بنیاد آمدنی کے تجزیے اور PAPs سے مشاورت ہے۔<br>☆منصوبے پر مبنی روزگار کی فراہمی کے لئے ترجیح۔ |

### زمین کا حصول اور آبادکار کے لئے مالی اعانت اور اس پر عمل درآمد

سندھ گورنمنٹ (GOS) CLICK کے تحت LAR کی تمام لاگت اپنے فنڈز سے فراہم کرے گی۔ IA کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ معالی وسائل کو مختص کرے اور بوقت ضرورت فراہمی کو یقینی بنائے تاکہ LAR منصوبے کی ضروریات جیسا کہ نقل مکانی اور آبادکاری کے لئے مقامات کا قیام، حاصل شدہ اثاثوں کے معاوضے کی ادائیگی اور آمدن کی بحالی کے اقدامات کی موثر دیکھ بھال ہو سکے۔ حکومت کی طرف سے منظور شدہ منصوبے PC-1 میں LAR کے تمام نشاندہ اخراجات کو مکمل طور پر شامل کیا جانا چاہیئے۔ (LAA 1894) اور ورلڈ بینک کے OP4.12 کا تقاضا ہے کہ PAPs کو ROW کے حصول اور تعمیراتی کاموں کے آغاز سے پہلے معاوضہ ادا کیا جائے۔

### نگرانی، تشخیص اور رپورٹنگ

نگرانی کے عمل میں شامل ہیں:

۱۔ عملدرآمد کی نگرانی کے ذریعے یہ اطمینان کیا جاسکے گا کہ عملدرآمد جدول کے مطابق ہے اور مسائل سے بروقت نمٹا جارہا ہے۔

۲۔ منصوبے کی معاشرتی اثرات کی نگرانی کے عمل کے ذریعے کیا منصوبے سے متاثرہ افراد PAPs منصوبے کی تیاری کے دوران کئے گئے معاشرتی و معاشی جائزے کے ذریعے حاصل شدہ معلومات کو بروئے کار لاتے ہوئے منصوبے سے پہلے والی معیار کی زندگی، آمدنی اور پیداواری صلاحیت کو بہتر بنانے میں کامیاب ہیں۔ اور

۳۔ PAPs کی حیثیت کا جائزہ لینے کے لئے LAR کے کاموں کی داخلی اور خارجی نگرانی کی جائے گی۔

داخلی نگرانی میں LAR کی منصوبہ بندی اور اس پر عمل درآمد کی سرگرمیوں کے بارے میں روزانہ کی بنیاد پر نظر رکھنے والے پیش رفت شامل ہوگی جس میں معاوضے کی ادائیگی کی پیشرفت، بحالی اور آمدن کی بحالی کے اقدامات شامل ہوں گے۔ PIU داخلی نگرانی اور RAP پر عمل درآمد کی پیشرفت اور وقتاً فوقتاً نگرانی کی رپورٹیں IA اور ورلڈ بینک کے ساتھ شیئر کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔

IE کے PIU کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ تاریخ انتہا سے پہلے یا اس کے بعد ہونے والے AED کے مقامات کی نگرانی، نقشہ سازی اور جگہ کی اصل صورت حال کے بارے میں معلومات فراہم کرنے AED کی حکومتی نگرانی میں نہ صرف مقامات کی نشاندہی، بلکہ ان کی درجہ بندی اور اقسام کی تعریف اس درجہ بندی کے مطابق کرنا چاہیئے جو مندرجہ بالا تعارفی حصے بھی بیان کئے گئے تاکہ اثرات کی نوعیت اور اس کا اندازہ کیا جاسکے AED کی نگرانی میں مستقبل میں متاثرہ افراد کے معاوضے اور آبادی کے متعلق تمام تفصیلات دستاویزی صورت میں دستیاب ہونی چاہیئے اور اس ردعمل کو بھی شامل کرنا چاہیئے جو معاوضہ وصول کرنے والے اور آبادکاری کے عمل سے متاثر ہونے والے افراد کی جانب سے سامنے آیا۔

وہ ذیلی منصوبے جو IR کے اہم اثرات سے متاثر ہوئے۔ IA، PIU کے ذریعے RAP کے نفاذ کی خارجی نگرانی اور جائزہ لینے کے لئے ایک آزاد ایجنسی یا مشیر کی خدمات کو شامل کریں گے۔ خارجی نگران RAP کے عمل کے نفاذ اور اس عمل کی توثیق کرے گا اور RAP کے عمل سے متعلق پیشرفت کی رپورٹوں، وقفوں وقفوں سے بنائی گئی نگرانی کی داخلی رپورٹوں کے ذریعے، PAP اور دیگر متعلقین سے مشاورت اور اثر کی تشخیص کی بنیاد پر RAP کے مقاصد کے حصول اور عالمی بینک کے حفاظتی تقاضوں کی تعمیل کا علاقائی سروے کی بنیاد پر جائزہ لے گا۔